© rasailojaraid.com



کر دی جائے تاکہ نئی نسل یونانی منطق کی کمزوریوں کے چرکوں سے محفوظ رہ سکے۔

(عزیز زبیدی)

(۲)

اسلام اور مسیحیت محققین کی نظر میں

مؤلف : شیخ محمد اکرم قصوری

ضخامت : ۲۷۲ صفحات کتابی سائز، قیمت ۲۴ روپے

ملنے کا پتہ : شیخ محمد اکرم سوداگر چرم، دین گڑھ قصور

آج کے اس دور میں جبکہ نت نئے فتنے سر اٹھا رہے ہیں، چاہیے تو یہ تھا کہ علماء حضرات کتاب و سنت کی بنیادوں پر متحد ہو کر وقت کے ہر چیلنج کا مقابلہ کرتے، لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ یہ مبلغین اسلام اپنی اپنی مذہبی پناہ گاہوں میں بیٹھ کر ایک دوسرے پر گولہ باری ہی کو عین خدمتِ اسلام قرار دے چکے ہیں۔ ان کے اس باہمی انتشار و افتراق نے جہاں غیر مسلموں کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ جس دین کے ماننے والوں کی اپنی یہ حالت ہے، ان کا دین کیونکر سچا ہو سکتا ہے؟ ——— وہاں غیر مسلموں میں تبلیغِ اسلام کا فریضہ بھی ایک بھولی بسری داستان بن کر رہ گیا ہے! —— ان حالات میں وہ لوگ انتہائی قابلِ قدر ہیں جو یہ فریضہ کسی نہ کسی صورت میں انجام دے رہے ہیں!

زیرِ نظر کتاب کے مؤلف اگرچہ بنیادی طور پر ایک تاجر ہیں، تاہم یہ کتاب لکھ کر انہوں نے نہ صرف اس جذبۂ تبلیغِ اسلام کی تکمیل کی ایک بہترین کوشش فرمائی ہے، بلکہ علمائے اسلام کو، ان کی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کیا ہے ——— موصوف نے اس کتاب میں اسلام اور مسیحیت کا تقابل اور موازنہ قرآنِ مجید اور موجودہ اناجیل کی روشنی میں پیش کیا ہے ——— تفصیلی اور مستند حوالہ جات نیز بائبل کے متعدد تضادات سے یہ ثابت کیا ہے کہ موجودہ اناجیل میں تحریف ہو چکی، حتیٰ کہ انہیں مسخ کیا جا چکا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے قرآنِ مجید، اسلام اور داعیٔ اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تعریف و حقانیت کے ثبوت میں متعدد عیسائی راہنماؤں کی تحریروں کے اقتباسات بھی نقل کیے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ موصوف کی اس

© rasailojaraid.com